وامحمداه وامصيبتاه

بنتِ فاطمة دربدر پھرے — شه کا سر کٹے رَن میں بے خطاء

بنت فاطمة دربدر پھرے

دیکھ کر جسے مِہر تک چُھپے — بے رداء کرے اے فلک اُسے
روح مصطفی جان مرتضی — بنت فاطمة دربدر پھرے

گردِ غم سے منھ سب اَٹا ہوا — لے کے بھائي کا سَر کٹا ہوا
شیرِ شام میں ہو کے بے رداء — بنت فاطمة دربدر پھرے

سَر پے شه نہیں مجتبی نہیں — مرتضی نہیں مصطفی نہیں
ہو کے بے نوا ہو نہ کیوں بھلا — بنت فاطمة دربدر پھرے

زلزلے میں ہو کیوں نہ نینوا — کیوں نہ پھر ہِلے دشتِ کربلاء
ہائے فوج شام چھین لے رداء — بنت فاطمة دربدر پھرے

روئے شاہ کو دشت میں نبي — اور گلے ملے ہنس کے اُمّتي
پردے میں رہے ہند بے حیاء — بنت فاطمة دربدر پھرے

دَم گھٹا ہُوا دل پھٹا ہوا — گھر لٹا ہوا سر کھلا ہوا
چہرے پر مَلے خاکِ کربلاء — بنت فاطمة دربدر پھرے